21776 ـ صرف اکیلے یوم عاشوراء کا روزہ رکھنے کا حکم

سوال

کیامیں صرف دس محرم کا روزہ رکھ سکتاہوں یعنی اس سے ایک دن قبل یا ایک دن بعد میں روزہ نہ رکھوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ الاسلام رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

یوم عاشوراء کا روزہ ایک برس کے گناہوں کا کفارہ ہے ، اکیلا دس محرم کا روزہ رکھنا مکروہ نہیں ـ دیکھیں الفتاوی الکبری جلد نمبر (5) ـ

ابن حجر ہیتمی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

صرف اکیلا عاشوراء کا روزہ رکھنے میں کوئي حرج نہیں ـ دیکھیں کتاب : تحفۃ المحتاج باب صوم التطوع جلدنمبر (3) ـ

یہی سوال لجنۃ الدائمۃ سے کیاگیا تواس کا جواب تھا :

یوم عاشوراء کا اکیلا روزہ رکھنا جائز ہے ، لیکن افضل اوربہتر یہ ہے کہ اس سے دن قبل یا بعد میں بھی روزہ رکھا جائے ، کیونکہ یہ سنت طریقہ ہے اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت بھی ہے ـ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : (اگر میں اگلے برس تک باقی رہا تو نومحرم کا روزہ رکھوں گا) صحیح مسلم حدیث نمبر (1134) ـ

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما کہتے ہیں کہ : دس کے ساتھ نومحرم کا بھی ـ

اللہ تعالی کی توفیق بخشنے والا ہے ـ

دیکھیں : اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ الافتاء (11 / 401) ـ

والله اعلم .